SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
November 29, 2016
For immediate release

## آگہی برائے مالیات و سرمایہ کاری: کامسیٹس کے تدریسی عملے کے لئے ایس ای سی پی کا سیمینار

**اسلام آباد: ۲۹ نومبر:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کامسیٹس انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تدریسی عملے کے لئے اسلام آباد میں دو روزہ سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس سیمینار میں ماہر پیشہ وروں نے مالیاتی مارکیٹ کے بارے میں معلوماتی گفتگو کی۔ محترمہ خالدہ حبیب، ڈائریکٹر انویسٹر ایجوکیشن ایس ای سی پی' نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے ایس ای سی پی کے اقدامات کی وضاحت کی اور اس عزم کو دہرایا کہ پاکستانی معاشرے کی معاشی سوچ میں مثالی تبدیلی لا کر اسراف کے بجائے بچت اور سرمایہ کاری کے رجحان کو فروغ دیا جائے۔ ایسا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ افراد سرمایہ کاری کے باخبر فیصلے کریں اور اس میں ایس ای سی پی اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

این بی پی فلرٹن ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے انویسٹمنٹ مینجر جناب ذوالفقار علی نے سامعین کو مالیاتی منصوبہ بندی اور اس کے فوائد کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور بچت اور سرمایہ کاری میں فرق کی بھی وضاحت کی اور سرمایہ کاری میں درپیش خطرات کے بارے میں بھی بتایا۔ چیئرمین اسلام آباد سٹاک ایکسچینج جناب زاہد لطیف خان نے کیپٹل مارکیٹوں کے بارے میں معلوماتی پریزنٹیشن پیش کیا اور حصص اور سٹاک ایکسچینج کے کی تعریف پیش کرنے کے بعد وضاحت کی کہ حصص میں سرمایہ کاری کیسے کی جائے اور سرمایہ کاری کرتے وقت کن عوامل کا خیال رکھا جائے۔ آخر میں انہوں نے سرمایہ کاری سے منسلکہ خطرات کی وضاحت کی۔

آرمی ویلفیئر ٹرسٹ کے شعبہ سرمایہ کاری کے سی ای او سلمان حیدر شیخ نے میوچل فنڈز اور رضاکارانہ پنشن سکیموں پر روشنی ڈالی۔ پہلے دن کے اختتام پر پی ایم ایکس میں مینجر ایگری بزنس اور پروڈکٹ ڈیویلپمنٹ محمد عرفان نے اجناس کے کاروبار کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے اجناس کی ایکسچینج کے حوالے سے بنیادی عناصر اور پیچیدگیوں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ سیمینار کے دوسرے دن کا آغاز پاکستان مائیکروفنانس کے مالیاتی تجزیہ کار علی بشارت نے اس شعبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کیا۔ انہوں نے پاکستان میں مائیکروفنانس میں دستیاب مواقع، نئی جدتوں اور اس کے اہم خدوخال کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔

عسکری جنرل انشورنس کی ثمینہ خان نے شرکاء کو شعبہ بیمہ کی مصنوعات، تکافل اور اس سے جڑے معاشی فوائد سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ ایس ای سی پی کے شعبہ اسلامی مالیات کے جوائنٹ ڈائریکٹر جنید یونس غوری نے اس حوالے سے پائی جانے والی عمومی غلط فہمیوں پر بات کی۔ اسلام آباد سٹاک ایکسچینج (آئی ایس ای) ٹاورز ریئل سٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے سی ای او میاں ایاز افضل نے ریئل سٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ میں سرمایہ کاری کے ضمن میں بات چیت کی۔

ایس ای سی پی کے ڈپٹی رجسٹرار کمپنیز محمد اکرم قریشی نے کمپنی کی تشکیل کے مختلف مراحل پر روشنی ڈالی اور شرکاء کو بتایا کہ کمپنیوں کی تشکیل کا عمل انتہائی آسان بنا دیا گیا ہے۔ آخر میں انتہائی معلوماتی اور علمی سیمینار منعقد کرنے پر کامسیٹس کے ڈین ڈاکٹر خالد ریاض نے ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے مستقبل میں بھی ایس ای سی پی کے ساتھ ایسے سیمینار منعقد کروانے کی خواہش کا اظہار کیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254